بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

Email: guldastabahar@gmail.com

ABC Certified

روزنامہ

گلدستہ بہار کوئٹہ

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی

جلد نمبر 21 | بروز ہفتہ 19 ستمبر 2026ء / 6 ربیع الثانی 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 251

پائیدار امن کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں، وزیر خارجہ

پاکستان ترکیہ کے ساتھ ترجیحی شعبوں میں تعاون مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے، نائب وزیراعظم

برطانیہ میں طے ہوئی مفاہمتوں پر عملدرآمد، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائیگا، اسحاق ڈار کی ترک سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر سے ملاقاتوں میں بات چیت

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ترکیہ کے سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر نے ملاقاتیں کیں جن میں خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا دفتر خارجہ کے مطابق ترکیہ کے سفیر عرفان سے خطے کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ مسائل کے حل اور پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اس ملاقات میں پاکستان، ترکیہ کے درمیان دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے پر بات چیت ہوئیں، ترک سفیر نے مختلف دوطرفہ ادارہ جاتی میکنزمز پر پیشرفت سے آگاہ کیا۔ ترکیہ کے سفیر نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اعلیٰ سطحی رابطوں کے بعد تعاون میں پیشرفت جاری ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت کے پی ٹی اور پپری ریلوے لنک کی بحالی

1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم ٹاسک فورس کی جانب سے اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی جاری ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی انفرا اسٹرکچر بہتر بنا کر کارگو ترسیل مؤثر بنانے کے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئی اسلام آباد آئیگا تو توہین عدالت کی کارروائی کرینگے، محسن نقوی

لیڈرشپ سے درخواست کروں گا اپنے شہر میں احتجاج کریں، کسی شہر کو بند یا کسی صوبے پر جا کر حملہ نہیں ہو سکتا، وفاقی وزیر داخلہ

ایک طرف دہشت گردی بڑھ رہی ہے، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا مارچ کے بجائے دہشت گردی کے خلاف جنگ پر توجہ دیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کوئی اسلام آباد آئیگا تو توہین عدالت کی کارروائی کریں گے۔ وفاقی دارالحکومت میں طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا تفصیلی فیصلہ آ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی فیصلے کے بعد کوئی دھاوا نہیں بولا جا سکتا، اگر کوئی اسلام آباد آئیگا تو توہین عدالت کی کارروائی کریں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ لیڈرشپ سے درخواست کروں گا اپنے شہر میں احتجاج کریں، کسی شہر کو بند یا کسی صوبے پر جا کر حملہ نہیں ہو سکتا، ایک طرف دہشت گردی بڑھ رہی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سوشل میڈیا پر بات ہو رہی ہے کہ مخصوص قبائل کے لوگ آ رہے ہیں، ہم شہدا کے جنازے اٹھا رہے ہیں اور یہ لوگ احتجاج کرنے آ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج امن و امان کی صورت حال پر اجلاس ہوا، لانگ مارچ کے لیے جتنی محنت کر رہے ہیں اگر اتنی محنت دہشت گردی کیخلاف کریں تو کامیابی ملے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ ہم نیا اسلام آباد کی طرف (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کوہاٹ پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکہ، 16 افراد شہید، 57 زخمی

دھماکے کے بعد ایک خودکش حملہ آور نے سپیشل برانچ بلڈنگ کے قریب خود کو دھماکے سے اڑایا، دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکار بھی شہید ہو گئے

فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا، خیبرپختونخوا پولیس کے حوصلے بلند ہیں، دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، آئی ایس پی آر

کوہاٹ (اے این این) خیبرپختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پشاور روڈ پر پرانی پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہو گئے جب کہ دھماکے میں 57 افراد زخمی ہیں۔ پولیس ذرائع نے کہا کہ دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہوگئے جب کہ 57 افراد زخمی ہیں۔ ترجمان ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا بلال احمد فیضی نے کہا کہ پرانی پولیس لائن کے قریب دھماکے کے بعد ریسکیو 1122 کا سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن تاحال جاری ہے، زخمیوں کو موقع پر فوری طبی امداد فراہم (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

دارالامان نصیرآباد کے منظور شدہ فنڈز میں خرد برد کا انکشاف

تعمیراتی کام کی صورتحال تسلی بخش نہیں، جبکہ عمارت کے بعض تعمیراتی کام تاحال مکمل نہ ہو سکی

تمبو (اے این این) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام دارالامان نصیرآباد ایک حساس نوعیت کی عمارت ہے، تاہم ذرائع کے مطابق یہاں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ انوالومنٹ اور تعمیراتی کاموں میں مبینہ بے ضابطگیو ں کے حوالے سے مختلف سوالات سامنے آ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق جون 2025 میں دارالامان نصیرآباد میں تعمیراتی و مرمتی کام کرایا گیا، جس کی موجودہ صورتحال (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وفاقی وزیر ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی کو سی ای او (پی پی اے ایف) نادر گل بڑیچ شیلڈ دے رہے ہیں

انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) کو مضبوط بنانے کی خاطر جامع ایس او پی جاری

ایس پیز ایس آئی اور اس سے اوپر کے افسران کے خلاف کرپشن انکوائریاں براہ راست خود کریں گے

کوئٹہ (اے این این) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کے لیے انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) کو مضبوط بنانے کی خاطر جامع ایس او پی جاری کر دی ہے۔ ایس او پی کے تحت IAB کو ایک بااختیار اور فیصلہ کن احتسابی فورم کے طور پر فعال کیا گیا ہے، ڈی آئی جی IAB صوبہ بھر سے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

دفاع، امن و سلامتی کیلئے جانوں کا نذرانہ دینے والے بہادر جوان پوری قوم کے ہیرو ہیں، صدر، وزیراعظم

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں بہادر سپوت وطن کے دفاع اور امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں اور ان کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا، آصف علی زرداری، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں صدرِ مملکت نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے بہادر جوانوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ انہوں نے شہید جوانوں کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے بہادر سپوت وطن کے دفاع اور امن کے لیے اپنی جانوں (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

پولیو مہم والدین پانچ سال سے کم عمر بچوں کو قطرے ضرور پلوائیں، فیصل جمالی

اوستا محمد میں ڈسٹرکٹ انفلوئنسرز مذہبی رہنماؤں اور معززین کی تربیتی ورکشاپ مہم کا افتتاح اسناد تقسیم

اوستا محمد (اے این این) ضلع اوستا محمد میں 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی انسدادِ پولیو مہم کے سلسلے میں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ڈی ای او سی اور محکمہ صحت کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ انفلوئنسرز مذہبی رہنماؤں معززین اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی تربیتی ورکشاپ منعقد ہوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

وفاقی وزیر داخلہ کی کوہاٹ دھماکہ کی مذمت، جانی نقصان پر اظہارِ افسوس

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائن کے قریب ہونے والے دھماکے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

گنداخہ، کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف گنداخہ پریس کلب کا احتجاجی مظاہرہ

صحافیوں کو حق و سچ کی آواز بلند کرنے پر نشانہ بنانا ناقابلِ قبول ہے، صدر پریس کلب سلیم گوپانگ اور جنرل سیکرٹری نور حسن جمالی

گنداخہ (یو این اے) کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ اور جنرل سیکرٹری نور حسن جمالی کی قیادت میں صحافیوں کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے نصیر احمد کاکڑ پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

کوئٹہ، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی خصوصی اقدامات احسن اقبال غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (GIKI) میں ڈیجیٹل ڈیزائن اینڈ ویریفیکیشن ٹریننگ پروگرام 2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں جانوروں کی ویکسین بغیر لائسنس کے بنائے جانے کا انکشاف

قائمہ کمیٹی غذائی تحفظ نے بغیر لائسنس جانوروں کی ویکسین بیچنے پر شدید برہمی کا اظہار کر دیا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں جانوروں کی ویکسین بغیر لائسنس بنائے جانے کا انکشاف ہوا ہے، سینیٹ کی قائمہ کمیٹی غذائی تحفظ میں ڈی جی لائیو اسٹاک خیبر پختونخوا نے کہا آٹھ سال سے لائسنس اپلائی کیا ہوا ہے۔ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی لائسنس کے اجرا میں تاخیر کر رہی ہے، قائمہ کمیٹی نے شدید اظہار برہمی کرتے ہوئے آئندہ اجلاس میں ڈریپ حکام کو طلب کر لیا (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

سعودی عرب کی خام تیل سپلائی متبادل راستوں سے بحال کرنے کی کوششیں

ریاض (اے این این) سعودی عرب نے خام تیل کی سپلائی متبادل راستوں سے بحال کرنے کی کوششیں تیز کر دیں۔ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں تیسرے روز بھی کمی کا رجحان ریکارڈ کیا گیا ہے، برینٹ خام تیل (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار یقینی بنانے کی ہدایت

عوامی سہولیات کو ترجیح دے کر مسائل حل کیے جائیں، محمد اکرم حریفال

ڈکی (اے این این) ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمٰن کبدانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈکی محمد اکرم حریفال کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈکی منصور احمد بزدار، لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان اور دیگر متعلقہ افسران نے (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

لورالائی، ضلع بھر میں چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کا آغاز، 65 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

پولیو کا خاتمہ اور بچوں کی حفاظت ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت جائزہ اجلاس

لورالائی (یو این اے) ضلع لورالائی میں 21 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہنے والی SNID انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع۔ ڈی ایچ او مقبول احمد نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر کیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کے کانفرنس روم میں پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس بھی منعقد ہوا، اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

لندن، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سعودی عرب کے دفاع کیلئے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا، ڈی جی آئی ایس پی آر

مکہ معاہدے پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں، سب سمجھتے ہیں کہ یہ اقدام دفاعی نوعیت کا ہے اور اس کا مقصد خطے میں استحکام اور امن برقرار رکھنا ہے، دفاع سے متعلق دوسرے معاہدے بھی ہیں

یہ دونوں ملکوں کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے دونوں ملکوں کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے، عرب ٹی وی کو انٹرویو

راولپنڈی (اے این این) ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، حرمین شریفین کی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باوجود تیل سستا، قیمتیں ایک فیصد مزید گر گئیں

امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 1.03 ڈالر کمی کے بعد 100.88 ڈالر فی بیرل پر آ گیا

نیویارک (اے این این) مشرق وسطیٰ سے تیل کی سپلائی میں بڑی رکاوٹ نہ آنے کی امید کے باعث عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں مسلسل تیسرے روز تقریباً ایک فیصد کم ہوگئیں، تاہم خام تیل کی قیمت اب بھی 100 ڈالر فی بیرل سے اوپر ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جمعے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

طاقت اور دباؤ سے مطالبات منوانے کا یکطرفہ نظام ختم ہو چکا، باقر قالیباف

عالمی سطح پر کثیر الجہتی نظام کا دفاع اور قانون کی حکمرانی کا احترام ضروری ہے، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (اے این این) ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ طاقت اور دباؤ کے ذریعے مطالبات منوانے والا ایک طرفہ عالمی نظام اب ختم ہو چکا ہے۔ ایک بیان میں باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ عالمی سطح پر کثیر الجہتی نظام کا دفاع اور قانون کی حکمرانی کا احترام ضروری (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وزیراعظم کا زرمبادلہ کے ذخائر تاریخی سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہارِ تشکر

بہتر معاشی پوزیشن ملک میں بیرونی اعتماد، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے دروازے کھولے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کی تاریخ کی بلند ترین سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہارِ تشکر کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی تاریخ کی (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ملاقات کر رہی ہیں

کوئٹہ، سبزل روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، اے جی آفس کا ملازم جاں بحق

پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں، مقتول کی لاش اسپتال منتقل

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے سبزل روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں اکاؤنٹنٹ جنرل (اے جی) آفس کا ملازم غیور بزدار بلوچ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا یہ پرتشدد واقعہ سبزل روڈ پر پیش آیا جہاں (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ملک بھر میں فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آ گئیں

دستاویزات کے مطابق واپڈا ڈیمز سے بجلی 2.70 روپے فی یونٹ، نجی آئی پی پیز کی لاگت 34 روپے سے بھی تجاوز کر گئی

اسلام آباد (اے این این) ملک بھر میں فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ سینیٹ میں پیش دستاویزات کے مطابق واپڈا ڈیمز سے بجلی (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
ABC Certified
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی

ایڈیٹرانچیف ایم۔ ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

ایکسائزایبل اشیا کی پیداوار

حکومت نے ایکسائزایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا نظام متعارف کرادیا۔حکومت کی جانب سے ایکسائزایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کے نئے نظام کے تحت مخصوص فیکٹریوں اور گوداموں کی نگرانی کی جائے گی۔ پیداوار کی نگرانی ویڈیو اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کی جائے گی، ایف بی آر پیداوار کو حقیقی وقت میں مانیٹر کر سکے گا۔ یہ بھی پڑھیں: جماعت اسلامی نے فیصل چوک مال روڈ پر دھرنا ختم کردیا نئے نظام کے نفاذ کی تاریخ ایف بی آر الگ سے جاری کرے گا، ایکسائزایبل اشیا بنانے والے مخصوص ادارے نئے مانیٹرنگ نظام کے دائرے میں آئیں گے۔حکومت نے ایکسائزایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا نظام متعارف کرادیا۔حکومت کی جانب سے ایکسائزایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کے نئے نظام کے تحت مخصوص فیکٹریوں اور گوداموں کی نگرانی کی جائے گی۔ پیداوار کی نگرانی ویڈیو اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کی جائے گی، ایف بی آر پیداوار کو حقیقی وقت میں مانیٹر کر سکے گا۔ یہ بھی پڑھیں: جماعت اسلامی نے فیصل چوک مال روڈ پر دھرنا ختم کردیا نئے نظام کے نفاذ کی تاریخ ایف بی آر الگ سے جاری کرے گا، ایکسائزایبل اشیا بنانے والے مخصوص ادارے نئے مانیٹرنگ نظام کے دائرے میں آئیں گے۔حکومت نے ایکسائزایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا نظام متعارف کرادیا۔حکومت کی جانب سے ایکسائزایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کے نئے نظام کے تحت مخصوص فیکٹریوں اور گوداموں کی نگرانی کی جائے گی۔

بقیہ 1

اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ کے ساتھ ترجیحی شعبوں میں تعاون مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے، مشترکہ کمیشن اور ہائی لیول اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کے آٹھویں اجلاس کی تیاریوں پر توجہ دی جائے گی، متعلقہ ادارے مشترکہ کمیشن اور اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کی تیاریوں کے لیے قریبی رابطہ رکھیں۔قبل ازیں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات پر گفتگو ہوئی۔وزیر خارجہ نے دورہ برطانیہ میں طے ہوئی مفاہمتوں پر عملدرآمد کے حوالہ سے بات کی، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔نائب وزیراعظم نے اسحاق ڈار نے اعلیٰ سطح روابط کی اہمیت پر زور دیا، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 2

اقدامات جاری ہیں۔کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈوئل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔منصوبے کے تحت 25 بڑے ریلوے و سڑکوں کے پل اور 6 فلائی اوورز و گریڈ سیپریٹرز تعمیر کیے جائیں گے۔منصوبے میں 100 فیصد حفاظتی باڑ اور حفاظتی انتظامات کے ساتھ جدید مرکزی خودکار سگنلنگ نظام بھی شامل ہے۔ 1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا۔بندرگاہوں سے کنٹینرز ریلوے کے ذریعے لاجسٹکس پارک لا کر ٹریلرز سے اپ کنٹری بھیجے جائیں گے۔

بقیہ 3

مارچ کو ہر صورت روکنا ہے، سیاسی جلسے، جلوسوں اور جتھوں میں فرق ہوتا ہے۔محسن نقوی کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا مارچ کے بجائے دہشت گردی کے خلاف جنگ پر توجہ دیں، ایک بھی جان گئی تو ذمہ دار آرگنائزر ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ لڑائی جھگڑے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا ان کا اور ملک کا نقصان ہوگا، اپوزیشن میں ذمہ دار لوگ ہیں امید ہے اس فیصلے کو ریویو کریں گے۔وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ آپ کو زیب نہیں دیتا کہ ایک طرف شہدا کے جنازے اٹھائیں، دوسری طرف دھرنوں کی تیاری کریں، تمام فورسز کو بتادیا ہے کہ ہر ممکن طریقے سے ان کو روکیں گے۔محسن نقوی نے کہا کہ کسی بھی صورت بدامنی نہیں پھیلانے دیں گے، جوانوں کو بتادیا ایسا نہیں ہوگا کہ وہ گولی چلائیں تو آپ چپ بیٹھیں، میں تو مشورہ دوں گا عدالت کا فیصلہ آچکا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ان کو سوچنا چاہیے دنیا کیا اس وقت حالات کیا ہے، ماضی میں اسلحہ کا استعمال کیا گیا جس سے ہمارا بہت نقصان ہوا۔

بقیہ 4

مبینہ طور پر منصوبے کے معیار اور تعمیراتی کارکردگی پر سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دارالامان کے تعمیراتی و مرمتی کام کے لیے مجموعی طور پر 50 لاکھ روپے کے فنڈز مختص کیے گئے تھے، جن میں سے تقریباً 20 لاکھ روپے کا مرمتی کام کیا گیا، جبکہ باقی 30 لاکھ روپے کے فنڈز لیپس ہونے کی اطلاعات ہیں۔ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر کیے گئے تعمیراتی کام کی صورتحال تسلی بخش نہیں، جبکہ عمارت کے بعض تعمیراتی کام تاحال مکمل نہ ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔اس صورتحال کے باعث شہری اور عوامی حلقوں کی جانب سے منصوبے کے معیار،

بقیہ 1

سکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردوں کے مکمل خاتمے اورامن وامان کے قیام کیلئے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔دوسری طرف آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ شمالی وزیرستان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، کارروائی کے دوران فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 6 خوارج کو ہلاک کردیا۔ہنگو میں ایک اور جھڑپ کے دوران 4 خوارج مارے گئے جبکہ 17 ستمبر کو فورسز کے قافلے پر بارودی سرنگ سے دھماکا کیا گیا، آئی ای ڈی دھماکے میں 6 بہادر جوان شہید ہوگئے۔آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا، ہلاک ہونے والے بھارت کے حمایت یافتہ خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔

بقیہ 2

محروم ہیں،صوبوں کیلئے این ایف سی میں اپنائے گئے مالی مساوات کے اصول مقامی حکومتوں تک بڑھائے جائیں۔ایم کیو ایم کا خط میں کہنا ہے کہ میٹروپولیٹن شہروں کیلئے میٹروپولیٹن سروس برڈن کو بھی این ایف سی کا معیار بنایا جائے۔نسرین جلیل نے مزید کہا کہ مالی اختیارات کی منتقلی وزیراعلی کے دروازے پر ختم نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 3

میں ردوبدل بھی متوقع ہے۔مذاکرات میں بجلی و گیس کے ترسیلی نظام میں اصلاحات اور نجی شعبے کی شمولیت سے متعلق اقدامات پر بھی بریفنگ دی جائے گی۔حکومت نے بجلی کی مسابقتی مارکیٹ کے لیے ٹیرف طے کرلیا، تاہم نیلامی کا عمل تاحال شروع نہیں ہوسکا، جبکہ اسلام آباد، فیصل آباد اور ملتان الیکٹرک کمپنیوں کی نجکاری کے لیے اظہار دلچسپی کے نوٹس جاری کیے جاچکے ہیں۔مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بھی تقسیم کار کمپنیوں کی خریداری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔بجلی کے شعبے کا گردشی قرض سولہ سو چودہ ارب روپے تک محدود رکھنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ جنوری دو ہزار ستائیس میں بنیادی ٹیرف میں ردوبدل متوقع ہے۔آئندہ سال بجلی کی سبسڈی مستحق صارفین کو انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے دینے کی تجویز ہے، تاہم بجلی کی مکمل لاگت وصولی اور کراس سبسڈی کے خاتمے سے ٹیرف بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 4

مستوئی نے بتایا کہ سرجانی ٹاؤن میں ماں اور تین بچوں کو قتل کرنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا ہے اور فائرنگ کے تبادلے کے دوران پولیس افسر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا۔انہوں نے بتایا کہ ملزم کو آلہ قتل (سریا) کی نشان دہی و برآمدگی کے لیے پولیس حراست میں موقع پر لے کر گئے تھے، پولیس افسر و اہلکار آلہ قتل (سریا) ڈھونڈنے میں مصروف تھے تو ملزم نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پولیس اہلکار کا پسٹل نکال لیا۔ایس ایس پی نے بتایا کہ ملزم نے فرار کی کوشش کے دوران چھینے گئے پسٹل سے اندھا دھند فائرنگ کی، جس سے اے ایس آئی نعمان شیخ گولی لگنے سے زخمی ہوگئے۔طارق الٰہی مستوئی کا کہنا تھا کہ ساتھی پولیس افسر کی حفاظت خود اختیاری میں کی گئی جوابی فائرنگ سے ملزم محمد ہمایوں خان موقع پر ہلاک ہوگیا اور ہلاک ملزم سے پولیس اہلکار کا چھینا گیا پسٹل قبضہ میں لے لیا گیا اور وہاں سے آلہ قتل (سریا) بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 5

۔ٹرمپ نے کہا ہے کہ کسی ڈیل کے ذریعے ہو یا نہیں مگر جیت امریکا کی ہوگی۔ان کا کہنا تھا کہ ایران میں مہنگائی تین سو فیصد ہے، معیشت ایسے درجے پر ہے جو ایران نے کبھی دیکھی نہیں تھی۔

بقیہ 6

کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں پل کو شدید نقصان پہنچا اور وہ تباہ ہوگیا۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ واقعے کی تحقیقات اور ملزمان کی تلاش کے لیے کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ پل کی تباہی کے باعث کوئٹہ۔ تفتان شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے صورتحال کا جائزہ لیا جارہا ہے۔اگر آپ چاہیں۔

بقیہ 7

کو بھی بتا دیا جائے گا۔ پی ٹی آئی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے وزیراعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اگر پہلے ہی پلان بتا دیں تو پھر حکومت کی جانب سے پہلے سے ہی سختیاں شروع ہو جائیں گی۔انہوں نے واضح کیا کہ 27مارچ کو ہونے والے لانگ مارچ کا حتمی پلان وزیراعلی کے پی سہیل آفریدی کے پاس ہے، وہ جب ہمارے ساتھ حتمی پلان شیئر کریں گے تو میں میڈیا کو بھی بتا دوں گا، جب تک وزیراعلی کے پی کا آفیشل بیان نہیں آتا میں اس پر کوئی بیان نہیں دوں گا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ایک رہنما پولیس کی حراست میں فوت ہوئے جن کی تدفین اور لواحقین سے تعزیت کیلیے سلمان اکرم راجہ جا رہے تھے کہ انہیں گرفتار کرلیا۔شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ ایسا کر کے حکومت والے اپنا مذاق اڑا رہے ہیں، یہ حکومت قومی سطح پر تو یہ ایکسپوزڈ ہے ہی لیکن اب دنیا کو بھی بتا رہے ہیں کہ یہ کتنے کمزور ہیں۔مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کی طرف سے کوئی اشتعال انگیز قدم نہیں اٹھایا گیا، جس کی وجہ سے کوئی یہ کہہ سکے کہ ہم شرارت کررہے ہیں، پرامن احتجاج کا حق آئین نے دیا ہو۔ان کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعلی کے پی نے احتجاج کی کال دی جسے سب نے قبول کیا، وزیراعلی پہلے سندھ گئے پھر پنجاب گئے، اسٹریٹ موومنٹ کی، سب نے دیکھا کہ کیا ہوا، پنجاب میں ہمارے کارکنوں کو گرفتار کیا گیا، ہمارے ورکرز کو اٹھایا گیا، ہمارے رہنماؤں کیخلاف ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔شیخ وقاص اکرم کا یہ بھی کہنا تھا کہ ہمارے خلاف حکومت کی جانب سے کریک ڈاؤن تو چل رہا لیکن گزشتہ ایک سال میں ایسا کریک ڈاؤن نہیں دیکھا۔حکومت کی جانب سے بوکھلاہٹ کا اظہار کیا گیا لوگ کوئی توڑ پھوڑ نہیں کررہے۔یہ کہتے تھے کہ لاہور آئیں ہم ویلکم کریں گے لیکن ہمیں ان کے ویلکم کی ضرورت نہیں ہے۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ لاہور میں پولیس نے مار پیٹ کی، کیا ہمارے کارکنوں نے کوئی اشتعال انگیزی کی؟حکومت پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یا تو آئین سے پرامن احتجاج کرنے کے حق کی شقیں نکال دیں، نہ احتجاج کرنے دیتے ہیں نہ 26ویں ترمیم کے بعد عدالتوں سے انصاف ملتا ہے۔

بقیہ 8

کے مطابق چھوٹے کاروباری افراد ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے 30لاکھ روپے تک فنانسنگ حاصل کر سکیں گے، شامل کارتا جراپ کے ذریعے منظور شدہ سپلائرز سے کاروباری سامان خریدنے کے لیے فنانسنگ حاصل کی جا سکے گی،نئی ڈیجیٹل فنانسنگ سہولت سے چھوٹے کاروباروں کو باضابطہ کریڈٹ نظام تک رسائی ملے گی۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر سدھو کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن سے فنانسنگ سے محروم کاروباروں کو قرضوں کی فراہمی ممکن بنائیں گے،ڈیجیٹل فنانسنگ بڑھانے کے ساتھ ساتھ صارفین کے تحفظ کو بھی یقینی بنا رہے ہیں،گزشتہ ایک سال میں نان بینکنگ کمپنیوں نے چھوٹے کاروباروں کو 253ارب روپے کے قرض فراہم کیے۔یہ بھی پڑھیں: گڈز ٹرانسپورٹرز کا کرایوں میں 7فیصد اضافے کا اعلان ایس ای سی پی کے مطابق ایک سال کے دوران 25لاکھ افراد کو چھوٹے کاروباروں کے لیے فنانسنگ فراہم کی گئی۔

بقیہ 9

ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کھڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی ااور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کر کے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہو جائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہیں جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالی خود اس ملک کا حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

بقیہ 10

پروگرام کے ذریعے دینے کی تجویز ہے،بجلی کی مکمل لاگت وصولی اور کراس سبسڈی کے خاتمے سے ٹیرف بڑھنے کا خدشہ ہے۔ذرائع کے مطابق حکومت نے بجلی کی مسابقتی مارکیٹ کیلئے ٹیرف طے کرلیا ہے تاہم نیلامی کا عمل تاحال شروع نہیں ہوسکا،اسلام آباد،فیصل آباد اور ملتان الیکٹرک کمپنیوں کی نجکاری کیلئے اظہار دلچسپی کے نوٹس جاری کردیئے گئے ہیں،بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی خریداری میں مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں نے دلچسپی ظاہر کی ہے،بجلی کے شعبے کا گردشی قرض 1614ارب روپے تک محدود رکھنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔گیس کے شعبے کا تقریبا 3600ارب روپے کا گردشی قرض سیٹل کرنا بھی بڑا چیلنج قرار دیا گیا ہے،ایل این جی کی مکمل لاگت وصولی اور گیس سلیب سسٹم میں نظر ثانی سے قیمتیں بڑھ سکتی ہیں۔گیس کی قیمتوں کا ششماہی بنیادوں پر نوٹیفکیشن بھی آئی ایم ایف کی شرائط میں شامل ہے،مذاکرات میں بجلی اور گیس کے شعبوں میں ترسیلی نظام کی اصلاحات اور نجی شعبے کی شمولیت سے متعلق بھی آئی ایم ایف کو بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ 11

بھی پٹرولیم قیمتیں بڑھائیں، مگر پاکستان جتنا اضافہ نہیں ہوا، حکومت نے اپنے اہداف سے بھی زیادہ پٹرولیم لیوی وصول کر لی، عالمی مارکیٹ میں قیمتیں بڑھنے پر مزید کمانے کیلئے حکومت نے پٹرول مہنگا کر دیا، پٹرول کی قیمت بڑھنے کا اثر مڈل کلاس پر پڑ رہا ہے۔امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ حکومت کو لوگوں کا احساس ہی نہیں ہے، پاکستان کے عوام کا مسئلہ کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ لیوی ختم کی جائے اور عوام کو جینے دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ جنگ کی صورت میں کوئی بھی معاہدہ معطل کیا جاسکتا ہے، جو گیس پیدا نہیں ہو رہی، عوام اس کے بھی پیسے ادا کر رہے ہیں، آئی پی پیز مافیا کو روکا جائے، عوام کیلئے روٹی سستی کی جائے، موجودہ حالات میں لگژری آئٹمز پر پابندی لگائی جائے۔حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ حکومت جماعت اسلامی کے پرامن احتجاج کو ہلکا لیتی ہے، ہم نے مارچ کے حوالے سے کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں، لانگ مارچ میں 20 ستمبر کو لاہور سے روانہ ہوں گے، دو سے تین روز میں اسلام آباد پہنچ جائیں گے، پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سے لوگ جمع ہوں گے، بڑا احتجاج ہوگا، آج مردان اور پشاور دھرنے میں شرکت کیلئے جا رہا ہوں امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری کے دفاع کے لئے پاکستان ہر حد تک جائے گا۔

بقیہ 12

عائد کیا کہ جہاز نے آبنائے ہرمز سے غیر قانونی راستے سے گزرنے کی کوشش کی تھی۔دوسری جانب برطانوی میری ٹائم سکیورٹی ادارے نے آبنائے ہرمز میں عمان کے شہر خصب سے تقریبا 30 کلومیٹر شمال مشرق میں ایک سکیورٹی واقعے کی اطلاع دی ہے۔تاہم ادارے نے متاثرہ جہاز کی شناخت ظاہر نہیں کی۔رائٹرز کے مطابق آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت پہلے ہی معمول سے بہت کم ہے۔جمعرات کو صرف چار تجارتی جہاز اس راستے سے گزرے، جبکہ گزشتہ 10دن کی اوسط تقریبا 16 جہاز روزانہ رہی ہے۔ایرانی پاسداران انقلاب کے دعوے اور میری ٹائم کی اطلاع سے بظاہر دونوں واقعات میں ممکنہ تعلق کا امکان موجود ہے، تاہم فوری طور پر یہ آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہوسکی کہ میری ٹائم کی جانب سے رپورٹ کیا گیا واقعہ اسی ٹینکر سے متعلق ہے۔آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی تجارت کے لیے انتہائی اہم سمندری گزرگاہ ہے، اس لیے یہاں کسی بھی بحری واقعے سے عالمی تیل کی سپلائی اور قیمتوں پر اثرات کا خدشہ رہتا ہے۔

بقیہ 13

زیرالتوا پرائس کلیمز اور مارجن پر فوری عملدرآمد کی درخواست کردی۔آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے اپنے مارجن میں اضافے پر عملدرآمد کے لیے اوگرا سے رجوع کرلیا، اوسی اے سی نے خط میں 66ارب روپے کے زیرالتوا پرائس کلیمز اور مارجن کا معاملہ فوری حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔اوسی اے سی کے مطابق مارچ دوہزار چھبیس سے تیل کمپنیوں کے کلیمز زیرالتوا ہیں، یہ رقم پیٹرول کے پانچ درآمدی کارگوز کے برابر ہے، زیرالتوا کلیمز کا تصدیقی عمل جلد مکمل کرکے واجبات ادا کیے جائیں۔اوسی اے سی کا کہنا ہے کہ تیل کمپنیوں کے مارجن میں ستمبر 2023 میں اضافہ کیا گیا تھا، جبکہ اگست میں ڈیلرز مارجن میں ایک روپے 34 پیسے فی لیٹر اضافہ ہوا، تاہم کمپنیوں کے مارجن میں ایک روپے 22 پیسے اضافے پر عملدرآمد تاحال زیرالتوا ہے۔اوسی اے سی نے او ایم سی مارجن میں اضافے پر فوری عملدرآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیاں شدید مالی دباؤ کا شکار ہیں، خطے کی کشیدہ صورتحال کے باعث سپلائی چین بھی متاثر ہوئی ہے۔خط میں خبردار کیا گیا ہے کہ موجودہ صورتحال کے باعث آئل انڈسٹری سپلائی چین متاثر ہونے کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

بقیہ 14

جسٹس صلاح الدین پنہور نے 2012 میں [illegible]

بقیہ 15

رپورٹ پیش کردی جس میں صنفی عدم مساوات [illegible] کی ہے، وزیر اعلیٰ سندھ نے خواتین اور بچیوں کے لیے مساوی مواقع یقینی بنانے پر زور دیا اور کہا کہ صنفی مساوات پائیدار ترقی کے لیے بنیادی شرط ہے، جینڈر پیریٹی رپورٹ پالیسی سازی اور وسائل کی تقسیم میں رہنمائی کرے گی۔وزیراعلیٰ سندھ کی معاون خاص برائے انسانی حقوق راجویر سنگھ سوڈھو نے جینڈر پیریٹی رپورٹ 2024، پر وزیراعلیٰ کو دی گئی بریفنگ میں بتایا کہ سندھ میں مردوں کی شرح خواندگی 68 فیصد ہے جب کہ خواتین کی 47 فیصد ہے، دیہی سندھ میں خواتین کی شرح خواندگی صرف 27.52 فیصد ہے، سندھ میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں۔

بقیہ 16

کے فروغ کے حوالے سے منعقدہ عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان انسانی وقار، مساوات اور آزادی کا پرزور حامی ہے اور وہ نفرت انگیز تقاریر کے خلاف جدوجہد جاری رکھنے کے لیے رکن ممالک اور اقوام متحدہ کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ نفرت انگیز تقاریر مشترکہ انسانیت پر حملہ ہیں۔ یہ معاشرتی ڈھانچے کو نقصان پہنچاتی ہیں، انسانی وقار کے منافی ہیں اور پورے پورے گروہوں کو غیر انسانی تصور کرنے کا رجحان پیدا کرتی ہیں۔ پاکستانی مندوب عاصم افتخار احمد نے کہا کہ ڈیجیٹل انقلاب نے اس خطرے میں مزید اضافہ کر دیا ہے کیونکہ آن لائن پلیٹ فارمز نفرت کو پھیلاتے، غلط معلومات کو فروغ دیتے اور خصوصا کمزور طبقات کے خلاف تشدد کو اکساتے ہیں۔کانفرنس کا انعقاد مراکش، اقوام متحدہ کے دفتر برائے نسل کشی کی روک تھام و تحفظ کی ذمہ داری (UNOSAPG) اور اقوام متحدہ کے الائنس آف سویلائزیشنز (UNAOC) نے کیا۔کانفرنس میں رکن ممالک، اقوام متحدہ کے اداروں، بین الاقوامی تنظیموں، سیاسی شخصیات، مذہبی رہنماؤں، مذہبی تنظیموں، میڈیا، سول سوسائٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔پاکستانی مندوب نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ دنیا میں نفرت انگیز تقاریر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور اب یہ عام گفتگو کا حصہ بنتی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ شناخت کو بطور ہتھیار استعمال کیا جا رہا ہے، کمزور طبقات کو نظرانداز کیا جا رہا ہے اور نفرت پر مبنی جرائم کو معمول کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلاموفوبیا مسلمانوں کی جانوں، شناخت اور مذہبی علامات پر حملوں، مساجد کی بے حرمتی اور مذہبی آزادیوں پر پابندیوں کی صورت میں سامنے آتا ہے۔بعض مقامات پر اسلاموفوبیا نے مقامی طاقت کے ڈھانچوں اور مفاداتی گروہوں کے ساتھ ایسا تعلق قائم کرلیا ہے جس سے یہ ایک منافع بخش سرگرمی بن گئی ہے۔پاکستانی سفیر نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی متعلقہ قراردادوں، اقوام متحدہ کی نفرت انگیز تقاریر سے متعلق حکمت عملی اور ایکشن پلان پر مکمل عمل درآمد اور حقیقی بین المذاہب و بین الثقافتی مکالمے کے فروغ پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ نفرت اور امتیازی سلوک کو ہوا دینے والی اس غلط ذہنیت کو شکست دینے کا مؤثر راستہ بین المذاہب اور بین الثقافتی مکالمہ ہے۔

بقیہ 17

عوامی فلاح اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آئی ہے۔ صحبت پور میں ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے انفرااسٹرکچر کی بہتری اور عوامی ضروریات پوری کرنے پر توجہ دی گئی ہے۔ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی نے صحبت پور کے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی میں اہم کردار ادا کیا۔ ایف سی بلوچستان نارتھ، سول انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے منصوبوں کی موثر نگرانی یقینی بنائی۔یہ منصوبے مقامی آبادی کو سہولیات فراہم کرتے ہوئے صحبت پور میں ترقی، خوشحالی اور بہتر معیار زندگی کی بنیاد مضبوط بنا رہے ہیں۔

بقیہ 18

طور پر پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور طویل عرصے سے جاری پانی کے بحران کا مستقل حل نکالا جائے۔احتجاج کی اطلاع ملنے پر سماجی شخصیت وڈیرہ سلیم کاکانی موقع پر پہنچ گئے اور احتجاجی مظاہرین سے مذاکرات کیے۔وڈیرہ سلیم کاکانی نے مظاہرین کے مطالبات اور پانی کی عدم فراہمی کے حوالے سے ان کے تحفظات سنے اور مسئلے کے حل کے لیے یقین دہانی کرائی ۔ مذاکرات کے بعد مظاہرین نے احتجاج ختم کرتے ہوئے شاہراہ کو آمدورفت کے لیے کھول دیا۔تاہم مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ چھ ماہ سے جاری پینے کے پانی کے بحران کو مزید طول دینے کے بجائے فوری عملی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ سونمیانی کے مکینوں کو بنیادی ضرورت پینے کے پانی کی فراہمی ممکن ہوسکے۔

بقیہ 19

سے جتنی بار چاہیں جہاز پر سفر کریں گی۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ خیبر پختونخوا ملک کو سب سے زیادہ تیل اور گیس دیتا ہے، جبکہ صوبے کے حصے کا پانی بھی پنجاب استعمال کررہا ہے، خیبر پختونخوا دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن پر لڑ رہا ہے اور صوبے کے عوام دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں۔ا

بقیہ 20

بدھ کو جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے عزم کے ساتھ کھڑا ہے اور حرمین شریفین کے تقدس وتحفظ کے لیے کسی طور پیچھے نہیں رہے گا۔افتخار علی ملک نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں جن کا احترام اور تقدس ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی حصہ ہے،مقدس مقامات کو کسی بھی قسم کے خطرے سے دوچار کرنے کی کوشش پوری مسلم امہ کے جذبات کو مجروح کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات تاریخی، مذہبی اور عوامی بنیادوں پر قائم ہیں اور پاکستانی قوم سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتی ہے۔انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ مقدس مقامات کے تحفظ اور خطے میں امن وسلامتی کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔افتخار علی ملک نے کہا کہ مسلم امہ کو ایسے واقعات کے خلاف متحد ہو کر واضح اور مضبوط موقف اختیار کرنا چاہیے۔

بقیہ 21

آمد، پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا افتتاح کردیا۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک صنعتکاروں سے ملاقات کی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صنعتکاروں کی قومی معاشی ترقی کے لئے خدمات کو سراہا۔آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک ماہرین نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کو قابل تقلید قرار دیا، الیکٹرک وہیکل انڈسٹری کے نمائندوں او رانتظامی افسران نے گرین ٹیکسی، وزیراعلیٰ بائیک اسکیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ای وی انڈسٹری نمائندگان نے گرین ٹیکسی اور بائیک سکیم کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شاندار اقدام قرار دیا۔ٹریکٹر ساز انڈسٹری کے نمائندگان اور مالکان نے وزیراعلیٰ گرین ٹریکٹر سکیم کے اجرا کو سراہا، نمائندگان ٹریکٹر ساز کمپنی نے کہا کہ گرین ٹریکٹر سکیم سے ٹریکٹر سازی کی صنعت اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگئی ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی گرین ٹریکٹر سکیم سے لوکل ٹریکٹر سازی کو فروغ ملا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو میں مختلف سٹالز کا دورہ کیا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے الیکٹرک گاڑیوں کا معائنہ کیا، الیکٹرک ایمبولینس میں اظہار دلچسپی کیا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جدید ترین گاڑیوں، بائیکس، جنریٹر کا جائزہ لیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوزوکی کمپنی کے بائیو گیس ماڈل کا بھی معائنہ کیا، ہونڈا، سوزوکی اور دیگر سٹال پر غیر ملکی ماہرین سے بات چیت، معلومات لیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میڈ ان پاکستان (Made in Pakistan) مصنوعات کے معیار کو سراہا، PAAPAM کے چیئرمین عثمان اسلم ملک، چیف آرگنائزر سید نبیل ہاشمی او ردیگر نے تفصیلی بریفنگ دی۔ ایکسپو سنٹر کے 4ہال میں جاری پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 میں ملکی وغیر ملکی کمپنیوں نے بھرپور شرکت کی، آٹو شو میں 150 نمائش کنندگان، 44 بین الاقوامی اور 43 مقامی نمائش کنندگان شریک ہیں۔آٹو شو میں کاریں، موٹر سائیکلیں، الیکٹرک اور سیمی الیکٹرک اور مقامی آٹو پارٹس نمائش کے لیے پیش کی گئی۔مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان کی آٹو موٹیو صنعت صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کا اہم ذریعہ ہے، پنجاب حکومت مقامی پیداوار، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور جدت کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کاروباری روابط، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کے لئے موثر ثابت ہوگا۔

بقیہ 22

سہیل آفریدی کو خواہ مخواہ پنجاب کے اندر ہیرو بنا دیا، سہیل آفریدی سندھ میں بھی آئے، اور ہر ضلع میں گئے، یہاں تک کے لاڑکانہ میں چند لوگوں سے خطاب بھی کیا، بلاول بھٹو نے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو ویلکم کیا، سہیل آفریدی تین چار دن بعد واپس چلا گیا، لیکن اب پنجاب میں کون سی گھبراہٹ ہے؟اگر آپ اتنے ہی نا اہل ہیں اور اس طرح کی حرکتیں کریں گے تو آپ ان کو موقع فراہم کررہے ہیں، سندھ پر بڑی تنقید کی ہے، لیکن ہم نے ان کو جواب بھی نہیں دیا۔شرمیلا فاروقی نے کہا عوام کو پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف دینے کیلئے کسی وزارت کی ضرورت نہیں اگر پیٹرول ڈیزل لیوی کم کردی جائے، عوام کو ریلیف مل جائے گا، یہ نان ریونیو ٹیکس ہے، یہ حکومت نے اپنا خسارہ پورا کرنے کیلئے ٹیکس لگایا ہوا ہے، اگر ایف بی آر کے اندر 7 کھرب روپے کا ٹیکس لیکج ہے، اس کا آدھا حاصل کرلیا جائے تو لیوی لگانے کی ضرورت نہ ہو، اسی طرح 10 روپے ڈیلر مارجن کم ہونا چاہیئے، غیر معمولی حالات میں اقدامات اٹھانے پڑتے ہیں، کسٹم ڈیوٹی، کلائمیٹ سپورٹ لیوی 5 روپے فی لیٹر کہاں جاتا ہے؟ ملک میں کونسا خاطر خواہ کلائمیٹ چینج پر کام ہورہا ہے؟ گیس بجلی کے قرضوں میں پورا کیا جارہا ہے، ڈسکوز پیسے کھا رہی ہیں، اگر حکومت کوشش کرے تو پیٹرولیم لیوی پر عوام کو بڑا ریلیف مل سکتا ہے۔ڈیزل کی قیمت دیکھیں؟ کسان استعمال کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جنہوں نے ونڈ فال کمائے ان کی جیب سے پیسہ نکالا جائے، فی لیٹر پر 5روپے کلائمیٹ سپورٹ لیوی لی جاتی ہے، یہ پیسہ کہاں جارہا ہے؟ ڈسکوز عوام کے پیسے کھا رہے ہیں۔شرمیلا فاروقی نے کہا کہ حکومت نے لوگوں کی جیبوں سے پیسے نکالنے کا آسان ذریعہ بنالیا ہے، عوام کو ریلیف دینا ہے تو 80روپے کی پیٹرولیم لیوی ختم کردیں، حکومتی وزرا عوام کو بیٹھ کے بیوقوف بنا رہے ہیں، وفاقی وزرا کے پیسے کم کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا، ڈاؤن اور رائٹ سائزنگ کرنی پڑے گی۔

بقیہ 23

رمقدس مقامات کے تقدس کو پامال کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، عالم اسلام کو ایسے حساس معاملات پر اتحاد، یکجہتی اور باہمی تعاون کا مظاہرہ کرنا چاہیے، جے یو آئی سندھ کے امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی نے کہا کہ سعودی عرب کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک باہمی اتحاد، یکجہتی اور سفارتی تعاون کے ذریعے سعودی عرب کی سلامتی کے تحفظ کے لیے موثر کردار ادا کریں، انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کی حفاظت اور تقدس کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ اور تاریخی تعلقات قائم ہیں اس لیے پاکستان کو مسلم اُمہ کے اتحاد اور سعودی عرب کے تحفظ کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرنا چاہیے، عالم اسلام کو اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے حرمین شریفین کے تقدس، خطے کے امن اور مسلم ممالک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر آواز بلند کرنا چاہیے، انہوں نے مزید کہا کہ امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ اتحاد اور باہمی تعاون سے ہی ممکن ہے جبکہ مقدس مقامات کا تحفظ اور خطے میں امن کا قیام تمام مسلم ممالک کی اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔

بقیہ 24

حکام نے موقف اختیار کیا کہ میر رضا کیخلاف تفتیش جاری ہے اور یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ رقم کا لین دین کہاں اور کن افراد کے ساتھ ہوتا رہا ہے۔عدالت نے ریمارکس دیے کہ "تو بینک سے آپ ٹرانزیکشن رپورٹ لے لیں،" سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اسٹیٹ بینک حکام سے رابطہ کیا گیا تھا، تاہم وہاں سے بتایا گیا کہ عدالتی حکم کی صورت میں ہی کارروائی کی جاسکتی ہے۔تفتیشی حکام نے عدالت کو بتایا کہ انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ میر رضا کے اکاؤنٹس کہاں اور کس کس بینک میں موجود ہیں، اسی لیے اسٹیٹ بینک سے رابطہ کیا گیا، سرکاری وکیل نے مقف اختیار کیا کہ میر رضا کے بینک اکاؤنٹس اور ٹرانزیکشنز کی تفصیلات حاصل کرنا مقصود ہے۔تفتیشی حکام کے مطابق وہ صرف یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ میر رضا کے کتنے بینک اکائنٹس تھے اور ان میں ہونے والی ٹرانزیکشنز کہاں کہاں ہوئیں، ممکن ہے بینک اکائنٹس کی تفصیلات تفتیش میں معاون ثابت ہوں، عدالت نے معاملے پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے کیم اکتوبر تک جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 25

کے مارجن میں ستمبر 2023 میں اضافہ کیا گیا تھا، او ایم سیز کے مارجن میں 1.22 روپے فی لیٹر پر عمل درآمد کیا جائے۔خط میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ حال ہی میں پیٹرولیم ڈیلرز کے لیے تو 1 روپے 34 پیسے فی لیٹر اضافے پر عمل درآمد کردیا گیا، تاہم او ایم سیز کے لیے مارجن میں کیا گیا 1 روپے 22 پیسے فی لیٹر اضافہ نوٹیفائی نہیں کیا گیا۔

بقیہ 26

کے باعث شہری اور عوامی حلقوں کی جانب سے منصوبے کے معیار، فنڈز کے استعمال اور باقی رقم کے لیپس ہونے کے معاملے پر شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ دارالامان چونکہ خواتین کے تحفظ اور نگہداشت سے متعلق حساس ادارہ ہے، اس لیے اس کی عمارت میں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ موجودگی یا مداخلت کے معاملے کو بھی سنجیدگی سے دیکھا جانا چاہیے اور دارالامان کی سکیورٹی و انتظامی امور کو قواعد وضوابط کے مطابق یقینی بنایا جائے۔عوامی حلقوں نے متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ دارالامان نصیر آباد کے لیے مختص 50لاکھ روپے کے فنڈز، تعمیراتی تخمینے، جاری شدہ ادائیگیوں، کیے گئے کام اور لیپس ہونے والی رقم کا مکمل ریکارڈ طلب کر کے شفاف انکوائری کرائی جائے۔ساتھ ہی تعمیراتی کام کا تکنیکی معائنہ کروا کر معیار اور تکمیل کی صورتحال بھی سامنے لائی جائے۔عوامی حلقوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ اگر تحقیقات کے دوران کسی ٹھیکیدار، اہلکار یا کسی دوسرے فرد کی جانب سے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی یا مالی بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور سرکاری خزانے کو ہونے والے ممکنہ نقصان کا ازالہ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 27

کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔صوبائی وزیر نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات اور علاج معالجے کے حوالے سے بھی معلومات حاصل کیں بخت محمد کاکڑ نے ہسپتال میں مکمل کیے گئے رینوویشن کے کاموں کو سراہتے ہوئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حسن بلوچ اور ہسپتال انتظامیہ کی کاوشوں کی تعریف کی۔انہوں نے کہا کہ ہسپتال کی بہتری اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے انتظامیہ کے اقدامات قابل تحسین ہیں صوبائی وزیر صحت نے ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف اور دیگر طبی و معاون عملے کی خدمات کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں طبی عملے کا کردار انتہائی اہم ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے ہسپتال کی سہولیات اور طبی خدمات میں مزید بہتری لائی جائے تاکہ عوام کو علاج معالجے کی بہتر اور معیاری سہولیات فراہم کی جاسکیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی بھرپور کوشش ہوگی کہ صوبے کے تمام ہسپتالوں کو فنکشنل کر کے عوام کو جدید سہولیات سے آراستہ کریں۔

بقیہ 28

تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی ہی ہماری سب سے بڑی قوت ہے، ملک میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف اجتماعی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے پوری قوم کا متحد رہنا ناگزیر ہے۔

بقیہ 29

کا اظہار کیا اور کہا کہ غم کی اس گھڑی میں شہدا کے اہلخانہ کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی اور کہا کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے سفاک درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنارہے ہیں، دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے، دہشت گردوں کی مذموم کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔سپیکر قومی اسمبلی نے اللہ تعالی سے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 30

ماحول فراہم کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔صحافی پر تشدد صرف ایک فرد پر حملہ نہیں بلکہ آزادی صحافت اور اظہار رائے کے حق پر بھی اثر انداز ہوتا ہیانہوں نے مطالبہ کیا کہ نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد کے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور انہیں بلاتاخیر گرفتار کیا جائے جبکہ متاثرہ صحافی کو مکمل قانونی وحفاظتی معاونت فراہم کی جائے انہوں نے کہا کہ صحافی برادری اپنے ساتھی صحافی کے ساتھ کھڑی ہے اور صحافیوں کو درپیش مسائل دھمکیوں اور تشدد کے واقعات پر خاموش نہیں رہا جائے گا انہوں نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کا تحفظ یقینی بنا کر ہی آزاد اور ذمہ دار صحافت کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جاسکتا ہے، حکومت فوری اقدامات کرتے ہوئے صحافیوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائے۔

بقیہ 31

برقرار رکھنے کو کشیدگی ختم کرنے کے لیے اہم قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ ابوظبی کے ولی عہد اور ایرانی صدر کے درمیان ملاقات میں اتفاق ہوا کہ ماضی کو بھلا کر آگے بڑھنا ہوگا۔اماراتی صدر کے مشیر نے کہا ہے کہ مستقبل کے لیے پہلا قدم حملے روکنا ہونا چاہیے، حملوں کے دوران مذاکرات ممکن نہیں ہیں۔ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ریاستی کنٹرول سے باہر ہتھیار خطے میں عدم استحکام کا سبب بنتے ہیں۔

بقیہ 32

فریقوں کے دعووں پر مبنی ہیں۔سعودی حکام کے مطابق طائف میں ایک ڈرون کو روکنے کے بعد گرنے والے ملبے سے ایک شخص ہلاک اور دو زخمی ہوئے، جبکہ حوثیوں کے زیر انتظام میڈیا نے تعز میں سعودی حمایت یافتہ فورسز کے حملوں میں 3 بچوں کی ہلاکت کا دعوی کیا ہے۔بین الاقوامی ادارہ برائے مہاجرت کے مطابق تازہ لڑائی کے باعث ایک لاکھ سے زائد افراد بے گھر ہو چکے ہیں، حوثیوں نے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقوں میں اپنی پیش قدمی بھی جاری رکھی ہے، جس سے خطے میں اہم بحری راستوں کی سلامتی پر تشویش بڑھ گئی ہے۔حوثی رہنما عبدالملک الحوثی نے سعودی عرب سے حملے اور ناکہ بندی ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، دوسری جانب سعودی فضائی کارروائیاں جاری رہنے کی اطلاعات ہیں، جبکہ حوثیوں نے سعودی ایف 15 طیارہ مار گرانے کا بھی دعوی کیا ہے، جس کی آزادانہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔یمن میں بڑھتی ہوئی لڑائی کا اثر عالمی توانائی اور بحری تجارت پر بھی پڑ رہا ہے، آبنائے ہرمز میں پہلے ہی بحری آمدورفت متاثر ہے، جبکہ حوثیوں کے زیر اثر باب المندب میں صورتحال مزید پیچیدہ ہونے سے خلیجی تیل کی عالمی منڈیوں تک ترسیل کے متبادل راستے بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 33

نکالنے کے لیے کنویں میں اترا۔ریسکیو حکام کے مطابق باپ بیٹے کو بچانے کے لیے پڑوسی بھی کنویں میں اترا جس کے بعد تینوں دم گھٹنے کے باعث جاں بحق ہوگئے۔

بقیہ 34

باہمی اختلافات یا غلط فہمیوں کا خاتمہ ہی شہر میں امن وامان، بھائی چارے اور باہمی اعتماد کی فضا کو بحال اور برقرار رکھنے میں سب سے زیادہ مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ملاقات میں اس کے علاوہ باہمی تعاون، شہر کے مجموعی امن وامان اور صحافیوں کے پیشہ ورانہ تحفظ سے متعلق دیگر اہم امور پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 35

کے مغربی علاقوں میں حوثیوں کے متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور 24 گھنٹوں میں 54 فضائی حملے کیے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یمنی فضائی حدود میں سعودی عرب کو نمایاں برتری حاصل ہے جبکہ حوثیوں کے پاس نہ مؤثر فضائیہ ہے اور نہ مضبوط فضائی دفاعی نظام اور نہ ہی سعودی فضائی کارروائیوں کا مقابلہ کرنے کی قابل ذکر صلاحیت۔میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب اپنی فضائی حدود سے لے کر مقدس مقامات تک جدید دفاعی نظام کے ذریعے اپنی دفاعی صلاحیت کا مظاہرہ بھی کر چکا ہے۔یاد رہے کہ مکہ مکرمہ کی جانب بڑھنے والے حوثی ڈرون کو سعودی فضائی دفاعی نظام نے فضا ہی میں تباہ کیا تھا۔سعودی عرب نے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے دفاعی نظام کی متعدد پرتیں قائم کر رکھی ہیں جن میں پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام، جدید ریڈارز، میزائل لانچرز اور لیکن 35 ملی میٹر اینٹی ایئر کرافٹ گنز شامل ہیں۔

بقیہ 36

مقف میں کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم پر ضمانت ملنے کے باوجود ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی دوبارہ گرفتاری عدالتی کارروائی کی حرمت کے منافی ہے۔سپریم کورٹ نے 17 ستمبر کو دونوں کی سزائیں معطل کرتے ہوئے ضمانت منظور کی تھی، جس کے چند گھنٹوں بعد انہیں ایک دوسرے مقدمے میں دوبارہ گرفتار کیا گیا۔اسلام آباد بار ایسوسی ایشن نے دونوں وکلا کی گرفتاری کو بنیادی حقوق اور قانون کی حکمرانی کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے نامعلوم ایف آئی آر کے تحت گرفتاریوں پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔بار کا کہنا ہے کہ عدالتی احکامات کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش کو قبول نہیں کیا جاسکتا۔ایسوسی ایشن نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو فوری طور پر رہا کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے گرفتاری سے متعلق مکمل تفصیلات عوام کے سامنے لانے پر بھی زور دیا۔اسلام آباد بار ایسوسی ایشن نے اعلان کیا کہ احتجاج کے طور پر 19 ستمبر کو اسلام آباد کی تمام عدالتوں میں وکلا پیش نہیں ہوں گے اور مکمل عدالتی بائیکاٹ کیا جائے گا۔ایسوسی ایشن نے اپنے مقف میں مزید کہا کہ عدلیہ کی آزادی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا اور اس حوالے سے وکلا برادری اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 37

بڑھائے جانے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔واضح رہے کہ حکومت نے گزشتہ روز ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 47 پیسے اضافہ کیا ہے جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 424 روپے 92 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔

بقیہ 38

عدلیہ سے ریلیف ملے تو اس کے معترف بن جاتے ہیں، فیصلہ خلاف آجائے تو پی ٹی آئی عدلیہ کے خلاف محاذ کھڑا کر دیتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی میں یکساں موقف نہیں دھڑوں میں منقسم ہے، پی ٹی آئی کا ماضی میں بھی رویہ اور طرز عمل غیر سیاسی رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں خیبر پختون خواہ کے تمام تر وسائل اور حکومتی اختیارات کے استعمال کے باوجود لاکھ بندے نہیں تھے۔انہوں نے کہا کہ 40 لاکھ بندے نکالنا آسان کام نہیں ہے، پنجاب سے بندے نہ بلوانا فیس سیونگ کے سوا کچھ نہیں۔

بقیہ 39

گی۔مکمل گرہن کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 6 منٹ 23 سیکنڈ تک رہنے کی توقع ہے۔فلکیاتی حسابات کے مطابق گرہن کا آغاز بحر اوقیانوس سے ہوگا، جہاں سے اس کا راستہ اسپین، شمالی مراکش، شمالی الجزائر، شمالی تیونس، شمال مشرقی لیبیا، مصر، سوڈان، سعودی عرب، یمن اور صومالیہ کے بعض علاقوں سے گزرتا ہوا بحر ہند میں چاگوس جزائر کے قریب اختتام پذیر ہوگا۔پاکستان میں 2 اگست 2027 کو سورج گرہن تقریبا دوپہر 2 بج کر 43 منٹ پر شروع ہوگا اور شام 4 بج کر 51 منٹ تک جاری رہنے کی توقع ہے۔اسلام آباد میں گرہن کا آغاز تقریبا 3 بج کر 14 منٹ پر ہوگا، 3 بج کر 47 منٹ پر عروج پر پہنچے گا اور 4 بج کر 19 منٹ پر ختم ہوجائے گا۔کراچی میں یہ تقریبا 3 بجے شروع ہوکر 4 بج کر 48 منٹ تک جاری رہنے کی توقع ہے۔پاکستان کے علاوہ یورپ، افریقہ اور مشرق وسطی کے بڑے علاقوں میں بھی جزوی سورج گرہن دیکھا جاسکے گا، جبکہ مکمل گرہن کا مرکزی راستہ کئی ممالک سے گزرے گا۔مصر کو اس تاریخی گرہن کے اہم مقامات میں شمار کیا جارہا ہے، جہاں مکمل گرہن تقریبا 6 منٹ 19 سیکنڈ تک رہنے کی توقع ہے۔سوہاج اور بحیرہ احمر کے بعض علاقوں میں بھی مکمل گرہن کا دورانیہ 6 منٹ سے تجاوز کرسکتا ہے۔اسپین کے ملاگا، کیڈیز اور طریفا، مراکش کے طنجہ، الجزائر کے وھران، تیونس کے صفاقس، لیبیا کے بن غازی اور سعودی عرب کے جدہ سمیت کئی مقامات پر مکمل سورج گرہن دیکھا جاسکے گا۔مکہ مکرمہ میں مکمل گرہن کا دورانیہ تقریبا 5 منٹ 10 سیکنڈ رہنے کی توقع ہے۔اسپیس ڈاٹ کام کے مطابق میڈرڈ میں سورج کا تقریبا 86 فیصد، رباط میں 98 فیصد، الجزائر اور طرابلس میں تقریبا 99.9 فیصد جبکہ قاہرہ میں سورج کا تقریبا 95 فیصد حصہ چاند کے پیچھے چھپ جائے گا۔مکمل سورج گرہن اس وقت ہوتا ہے جب چاند زمین اور سورج کے درمیان آکر سورج کی پوری قرص کو عارضی طور پر ڈھانپ لیتا ہے۔مکمل گرہن کے دوران آسمان تاریک ہوجاتا ہے اور سورج کی بیرونی فضا، جسے کورونا کہا جاتا ہے، نمایاں ہوسکتی ہے۔

بقیہ 40

کی شناخت کے حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں اور مختلف پہلوں سے تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ 41

سمندری گزرگاہ ہے۔ایشیا، یورپ اور مشرق وسطی کے درمیان تجارت اور توانائی کی ترسیل کے لیے اس راستے کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔اٹلی کا یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطی میں جاری جنگ اور حوثیوں کی کارروائیوں کے باعث بحیرہ احمر اور باب المندب میں تجارتی جہازوں کی سکیورٹی پر خدشات بڑھ گئے ہیں۔اطالوی وزیر دفاع کے مطابق بحری راستے کو محفوظ رکھنا ضروری ہے تاکہ عالمی تجارت اور سپلائی چین پر مزید دباؤ نہ پڑے۔

بقیہ 42

سکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردوں کے مکمل خاتمے اورامن وامان کے قیام کیلئے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔دوسری طرف آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ شمالی وزیرستان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، کارروائی کے دوران فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 6 خوارج کو ہلاک کردیا۔ہنگو میں ایک اور جھڑپ کے دوران 4 خوارج مارے گئے جبکہ 17 ستمبر کو فورسز کے قافلے پر بارودی سرنگ سے دھماکا کیا گیا، آئی ای ڈی دھماکے میں 6 بہادر جوان شہید ہوگئے۔آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا، ہلاک ہونے والے بھارت کے حمایت یافتہ خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔

بقیہ 43

محروم ہیں،صوبوں کیلئے این ایف سی میں اپنائے گئے مالی مساوات کے اصول مقامی حکومتوں تک بڑھائے جائیں۔ایم کیو ایم کا خط میں کہنا ہے کہ میٹروپولیٹن شہروں کیلئے میٹروپولیٹن سروس برڈن کو بھی این ایف سی کا معیار بنایا جائے۔نسرین جلیل نے مزید کہا کہ مالی اختیارات کی منتقلی وزیراعلی کے دروازے پر ختم نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 44

میں ردوبدل بھی متوقع ہے۔مذاکرات میں بجلی و گیس کے ترسیلی نظام میں اصلاحات اور نجی شعبے کی شمولیت سے متعلق اقدامات پر بھی بریفنگ دی جائے گی۔حکومت نے بجلی کی مسابقتی مارکیٹ کے لیے ٹیرف طے کرلیا، تاہم نیلامی کا عمل تاحال شروع نہیں ہوسکا، جبکہ اسلام آباد، فیصل آباد اور ملتان الیکٹرک کمپنیوں کی نجکاری کے لیے اظہار دلچسپی کے نوٹس جاری کیے جاچکے ہیں۔مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بھی تقسیم کار کمپنیوں کی خریداری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔بجلی کے شعبے کا گردشی قرض سولہ سو چودہ ارب روپے تک محدود رکھنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ جنوری دو ہزار ستائیس میں بنیادی ٹیرف میں ردوبدل متوقع ہے۔آئندہ سال بجلی کی سبسڈی مستحق صارفین کو انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے دینے کی تجویز ہے، تاہم بجلی کی مکمل لاگت وصولی اور کراس سبسڈی کے خاتمے سے ٹیرف بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 45

مستوئی نے بتایا کہ سرجانی ٹاؤن میں ماں اور تین بچوں کو قتل کرنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا ہے اور فائرنگ کے تبادلے کے دوران پولیس افسر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا۔انہوں نے بتایا کہ ملزم کو آلہ قتل (سریا) کی نشان دہی و برآمدگی کے لیے پولیس حراست میں موقع پر لے کر گئے تھے، پولیس افسر و اہلکار آلہ قتل (سریا) ڈھونڈنے میں مصروف تھے تو ملزم نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پولیس اہلکار کا پسٹل نکال لیا۔ایس ایس پی نے بتایا کہ ملزم نے فرار کی کوشش کے دوران چھینے گئے پسٹل سے اندھا دھند فائرنگ کی، جس سے اے ایس آئی نعمان شیخ گولی لگنے سے زخمی ہوگئے۔طارق الٰہی مستوئی کا کہنا تھا کہ ساتھی پولیس افسر کی حفاظت خود اختیاری میں کی گئی جوابی فائرنگ سے ملزم محمد ہمایوں خان موقع پر ہلاک ہوگیا اور ہلاک ملزم سے پولیس اہلکار کا چھینا گیا پسٹل قبضہ میں لے لیا گیا اور وہاں سے آلہ قتل (سریا) بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 46

۔ٹرمپ نے کہا ہے کہ کسی ڈیل کے ذریعے ہو یا نہیں مگر جیت امریکا کی ہوگی۔ان کا کہنا تھا کہ ایران میں مہنگائی تین سو فیصد ہے، معیشت ایسے درجے پر ہے جو ایران نے کبھی دیکھی نہیں تھی۔

بقیہ 47

کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں پل کو شدید نقصان پہنچا اور وہ تباہ ہوگیا۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ واقعے کی تحقیقات اور ملزمان کی تلاش کے لیے کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ پل کی تباہی کے باعث کوئٹہ۔ تفتان شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے صورتحال کا جائزہ لیا جارہا ہے۔اگر آپ چاہیں۔

بقیہ 48

کو بھی بتا دیا جائے گا۔ پی ٹی آئی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے وزیراعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اگر پہلے ہی پلان بتا دیں تو پھر حکومت کی جانب سے پہلے سے ہی سختیاں شروع ہو جائیں گی۔انہوں نے واضح کیا کہ 27مارچ کو ہونے والے لانگ مارچ کا حتمی پلان وزیراعلی کے پی سہیل آفریدی کے پاس ہے، وہ جب ہمارے ساتھ حتمی پلان شیئر کریں گے تو میں میڈیا کو بھی بتا دوں گا، جب تک وزیراعلی کے پی کا آفیشل بیان نہیں آتا میں اس پر کوئی بیان نہیں دوں گا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ایک رہنما پولیس کی حراست میں فوت ہوئے جن کی تدفین اور لواحقین سے تعزیت کیلیے سلمان اکرم راجہ جا رہے تھے کہ انہیں گرفتار کرلیا۔شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ ایسا کر کے حکومت والے اپنا مذاق اڑا رہے ہیں، یہ حکومت قومی سطح پر تو یہ ایکسپوزڈ ہے ہی لیکن اب دنیا کو بھی بتا رہے ہیں کہ یہ کتنے کمزور ہیں۔مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کی طرف سے کوئی اشتعال انگیز قدم نہیں اٹھایا گیا، جس کی وجہ سے کوئی یہ کہہ سکے کہ ہم شرارت کررہے ہیں، پرامن احتجاج کا حق آئین نے دیا ہو۔ان کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعلی کے پی نے احتجاج کی کال دی جسے سب نے قبول کیا، وزیراعلی پہلے سندھ گئے پھر پنجاب گئے، اسٹریٹ موومنٹ کی، سب نے دیکھا کہ کیا ہوا، پنجاب میں ہمارے کارکنوں کو گرفتار کیا گیا، ہمارے ورکرز کو اٹھایا گیا، ہمارے رہنماؤں کیخلاف ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔شیخ وقاص اکرم کا یہ بھی کہنا تھا کہ ہمارے خلاف حکومت کی جانب سے کریک ڈاؤن تو چل رہا لیکن گزشتہ ایک سال میں ایسا کریک ڈاؤن نہیں دیکھا۔حکومت کی جانب سے بوکھلاہٹ کا اظہار کیا گیا لوگ کوئی توڑ پھوڑ نہیں کررہے۔یہ کہتے تھے کہ لاہور آئیں ہم ویلکم کریں گے لیکن ہمیں ان کے ویلکم کی ضرورت نہیں ہے۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ لاہور میں پولیس نے مار پیٹ کی، کیا ہمارے کارکنوں نے کوئی اشتعال انگیزی کی؟حکومت پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یا تو آئین سے پرامن احتجاج کرنے کے حق کی شقیں نکال دیں، نہ احتجاج کرنے دیتے ہیں نہ 26ویں ترمیم کے بعد عدالتوں سے انصاف ملتا ہے۔

بقیہ 49

کے مطابق چھوٹے کاروباری افراد ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے 30لاکھ روپے تک فنانسنگ حاصل کر سکیں گے، شامل کارتا جراپ کے ذریعے منظور شدہ سپلائرز سے کاروباری سامان خریدنے کے لیے فنانسنگ حاصل کی جا سکے گی،نئی ڈیجیٹل فنانسنگ سہولت سے چھوٹے کاروباروں کو باضابطہ کریڈٹ نظام تک رسائی ملے گی۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر سدھو کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن سے فنانسنگ سے محروم کاروباروں کو قرضوں کی فراہمی ممکن بنائیں گے،ڈیجیٹل فنانسنگ بڑھانے کے ساتھ ساتھ صارفین کے تحفظ کو بھی یقینی بنا رہے ہیں،گزشتہ ایک سال میں نان بینکنگ کمپنیوں نے چھوٹے کاروباروں کو 253ارب روپے کے قرض فراہم کیے۔یہ بھی پڑھیں: گڈز ٹرانسپورٹرز کا کرایوں میں 7فیصد اضافے کا اعلان ایس ای سی پی کے مطابق ایک سال کے دوران 25لاکھ افراد کو چھوٹے کاروباروں کے لیے فنانسنگ فراہم کی گئی۔

بقیہ 50

ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کھڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی ااور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کر کے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہو جائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہیں جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالی خود اس ملک کا حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

بقیہ 51

پروگرام کے ذریعے دینے کی تجویز ہے،بجلی کی مکمل لاگت وصولی اور کراس سبسڈی کے خاتمے سے ٹیرف بڑھنے کا خدشہ ہے۔ذرائع کے مطابق حکومت نے بجلی کی مسابقتی مارکیٹ کیلئے ٹیرف طے کرلیا ہے تاہم نیلامی کا عمل تاحال شروع نہیں ہوسکا،اسلام آباد،فیصل آباد اور ملتان الیکٹرک کمپنیوں کی نجکاری کیلئے اظہار دلچسپی کے نوٹس جاری کردیئے گئے ہیں،بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی خریداری میں مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں نے دلچسپی ظاہر کی ہے،بجلی کے شعبے کا گردشی قرض 1614ارب روپے تک محدود رکھنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔گیس کے شعبے کا تقریبا 3600ارب روپے کا گردشی قرض سیٹل کرنا بھی بڑا چیلنج قرار دیا گیا ہے،ایل این جی کی مکمل لاگت وصولی اور گیس سلیب سسٹم میں نظر ثانی سے قیمتیں بڑھ سکتی ہیں۔گیس کی قیمتوں کا ششماہی بنیادوں پر نوٹیفکیشن بھی آئی ایم ایف کی شرائط میں شامل ہے،مذاکرات میں بجلی اور گیس کے شعبوں میں ترسیلی نظام کی اصلاحات اور نجی شعبے کی شمولیت سے متعلق بھی آئی ایم ایف کو بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ 52

بھی پٹرولیم قیمتیں بڑھائیں، مگر پاکستان جتنا اضافہ نہیں ہوا، حکومت نے اپنے اہداف سے بھی زیادہ پٹرولیم لیوی وصول کر لی، عالمی مارکیٹ میں قیمتیں بڑھنے پر مزید کمانے کیلئے حکومت نے پٹرول مہنگا کر دیا، پٹرول کی قیمت بڑھنے کا اثر مڈل کلاس پر پڑ رہا ہے۔امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ حکومت کو لوگوں کا احساس ہی نہیں ہے، پاکستان کے عوام کا مسئلہ کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ لیوی ختم کی جائے اور عوام کو جینے دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ جنگ کی صورت میں کوئی بھی معاہدہ معطل کیا جاسکتا ہے، جو گیس پیدا نہیں ہو رہی، عوام اس کے بھی پیسے ادا کر رہے ہیں، آئی پی پیز مافیا کو روکا جائے، عوام کیلئے روٹی سستی کی جائے، موجودہ حالات میں لگژری آئٹمز پر پابندی لگائی جائے۔حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ حکومت جماعت اسلامی کے پرامن احتجاج کو ہلکا لیتی ہے، ہم نے مارچ کے حوالے سے کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں، لانگ مارچ میں 20 ستمبر کو لاہور سے روانہ ہوں گے، دو سے تین روز میں اسلام آباد پہنچ جائیں گے، پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سے لوگ جمع ہوں گے، بڑا احتجاج ہوگا،

ہرنائی شاہرگ کوئلہ کان میں گیس دھماکہ، 4 کانکن جاں بحق

حادثے کے وقت کان میں 9 کانکن موجود تھے، امدادی کارروائی کے دوران 4 کانکنوں کی لاشیں نکال لی گئیں زخمی افراد کوئٹہ ریفر

جاں بحق کانکنوں کا تعلق سوات سے ہے، اور لاشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی ہیں، فضا سوگوار

(باقی صفحہ 3 نمبر 1)

خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں کارروائیاں، 17 دہشت گرد مارے گئے، 6 جوان شہید

سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں

(باقی صفحہ 3 نمبر 2)

حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان

توانائی اصلاحات، نجکاری اور گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر آئی ایم ایف کو بریفنگ دی جائیگی

اسلام آباد (اے این این) حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان ہے جس دوران توانائی اصلاحات، نجکاری اور بجلی و گیس کے گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر بریفنگ دی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق بجلی کی بنیادی قیمتوں (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کراچی؛ سرجانی میں ماں اور تین بچوں کا قاتل پولیس مقابلے میں ہلاک

ملزم کو آلہ قتل کی برآمدگی کے لیے لے گئے تھے جہاں ملزم نے پولیس اہلکار کا پستل نکال کر فائرنگ کی، ایس ایس پی

کراچی (اے این این) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں ماں اور تین بچوں کو بے دردی سے قتل کرنے والا ملزم آلہ قتل کی برآمدگی کے دوران پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہو گیا جبکہ گولی لگنے سے پولیس اہلکار زخمی ہو گیا۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ غربی طارق الٰہی (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

آبنائے ہرمز سے جہاز رات کو نکالتے ہیں، ایران کو پتا نہیں چلتا، ٹرمپ

معاہدہ ڈیل کے ذریعے ہو یا نہیں جیت امریکہ کی ہی ہوگی، امریکی صدر

واشنگٹن (اے این این) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا آبنائے ہرمز سے جہاز رات کو نکالتا ہے کیونکہ ایران کو پتا ہی نہیں چلتا، ایران کے ریڈار تباہ کیے جا چکے ہیں۔ ایران سے ڈیل ہونے یا علاقے میں مزید فوج بھیجے جانے سے متعلق سوال پر جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم یا تو کوئی اچھا معاہدہ کریں گے، یا پھر کوئی معاہدہ کریں گے ہی نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

لانگ مارچ کا حتمی پلان صرف وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے پاس ہے، شیخ وقاص اکرم

سہیل آفریدی اگر پہلے ہی پلان بتا دیں تو پھر حکومت کی جانب سے پہلے سے ہی سختیاں شروع ہو جائیں گی

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ 27 ستمبر کو پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے حتمی پلان وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے پاس ہی ہے، جب وہ ہمارے ساتھ شیئر کریں گے تو میڈیا (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

چھوٹے کاروبار کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری

ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے چھوٹے کاروباری افراد 30 لاکھ تک فنانسنگ حاصل کر سکیں گے، ایس ای سی پی

اسلام آباد (اے این این) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے چھوٹے کاروبار کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری دے دی۔ ایس ای سی پی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

باب المندب میں کشیدگی بڑھ گئی، اٹلی نے جنگی بحری جہاز بھیجنے کا اعلان کر دیا

(باقی صفحہ 3 نمبر 41)

پنجگور، گوادر کو کراس کے قریب سے پانچ نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

(باقی صفحہ 3 نمبر 40)

مستونگ کے قومی شاہراہ پر بم دھماکہ مرکزی پل تباہ، آمد و رفت متاثر

(باقی صفحہ 3 نمبر 6)

وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کا مطالبہ، ایم کیو ایم نے خط لکھ دیا

(باقی صفحہ 3 نمبر 2)



کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی کے انتہائی سخت

(باقی صفحہ 3 نمبر 9)

حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ فورسز میں لڑائی، 24 گھنٹوں میں 68 ہلاکتیں

(باقی صفحہ 3 نمبر 32)

پاکستان کے عوام کی بدحالی کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، حافظ نعیم

حکومت عوام کو کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے مشکل میں ڈال دیا ہے

پاکستان کے عوام کا مسئلہ کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں ہمارا مطالبہ ہے کہ لیوی ختم کی جائے اور عوام کو جینے دیا جائے، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (اے این این) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان کے عوام کی بدحالی کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، حکومت جماعت اسلامی کے پرامن احتجاج کو ہلکا لیتی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ حکومت عوام کو کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے مشکل میں ڈال دیا ہے، پیکیج کے نام پر ریلیف دے کر عوام کو پٹرول پمپس پر لڑوایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اسرائیل کے ایران پر حملے کے بعد عالمی مارکیٹ میں تیل مہنگا ہوا، دیگر ممالک نے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

2027 کا تاریخی سورج گرہن پاکستان میں دیکھا جا سکے گا

مکمل گرہن والے علاقوں میں دن کے وقت چند منٹ کے لیے رات جیسی تاریکی چھا جائے گی

اسلام آباد (اے این این) 2 اگست 2027 کو 21 ویں صدی کا طویل ترین مکمل سورج گرہن رونما ہوگا۔ پاکستان بھی اس موقع پر گرہن کا مشاہدہ کر سکے گا، تاہم یہاں یہ مکمل نہیں بلکہ جزوی ہوگا۔ اس سورج گرہن کے دوران چاند سورج کی پوری قرص کو ڈھانپ لے گا اور مکمل گرہن والے علاقوں میں دن کے وقت چند منٹ کے لیے رات جیسی تاریکی چھا جائے (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

جنوری 2027 میں بجلی کے بنیادی ٹیرف میں ردوبدل متوقع

آئندہ سال بجلی کی سبسڈی مستحق صارفین کو انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے دینے کی تجویز

اسلام آباد (اے این این) حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان ہے، مذاکرات میں توانائی اصلاحات، نجکاری اور گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر آئی ایم ایف کو بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق جنوری 2027 میں بجلی کے بنیادی ٹیرف میں ردوبدل متوقع ہے، آئندہ سال بجلی کی سبسڈی مستحق صارفین کو انکم سپورٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

ملک گھیراؤ جلاؤ اور مار اماری کا متحمل نہیں ہو سکتا، نیئر حسین

عدلیہ سے ریلیف ملے تو اس کے معترف بن جاتے ہیں

اسلام آباد (اے این این) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ ملک گھیراؤ جلاؤ اور مار اماری کا متحمل نہیں ہو سکتا، زبردستی یا جبر سے کسی کی رہائی ہو سکتی نہ ہی جیلیں توڑی جا سکتیں ہیں، جس کا جی چاہے دارالخلافہ پر چڑھائی کر دے ایسا ممکن نہیں۔ اپنے بیان میں نیئر حسین بخاری نے کہا کہ پی ٹی آئی کو ریلیف چاہیے تو عدلیہ سے ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

پیٹرول کی بڑھتی قیمتیں، گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرائے 7 فیصد بڑھانے کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (اے این این) گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے 7 دن میں ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 26 روپے 88 پیسے اضافہ ہوا ہے۔ ملک شہزاد نے کہا کہ پچھلے ایک ہفتے میں پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 20 روپے اضافہ کیا گیا۔ دوسری جانب گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

ڈیلرز مارجن میں اضافے کے بعد تیل کمپنیاں اپنے مارجن میں اضافے کیلئے سرگرم

تیل کمپنیوں نے 66 ارب کے زیرالتوا پرائس کلیمز اور مارجن پر عملدرآمد پر اوگرا کو خط لکھ دیا

اسلام آباد (اے این این) ڈیلرز مارجن بڑھنے کے بعد تیل کمپنیوں نے بھی اپنے مارجن میں اضافے کا مطالبہ کر دیا، او سی اے سی نے اوگرا کو خط لکھ کر 66 ارب روپے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

آبنائے ہرمز میں ایرانی کارروائی، ٹوگو پرچم والے تیل بردار جہاز کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت پہلے ہی معمول سے بہت کم ہے، گزشتہ روز صرف چار تجارتی جہاز اس راستے سے گزرے

تہران (اے این این) ایران کے پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز میں ٹوگو کے پرچم تلے سفر کرنے والے ایک تیل بردار جہاز ٹرینڈ کو نشانہ بنانے اور حراست میں لینے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ جہاز میں آگ لگنے کے بعد اسے نشانہ بنایا گیا اور حراست میں لے لیا گیا۔ ایران نے الزام (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

پاکستان کا اقوام متحدہ میں اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی اقدام کا مطالبہ

اقوام متحدہ (یو این اے) پاکستان نے اسلاموفوبیا کو نفرت انگیز تقاریر کی شدید ترین شکلوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اس ذہنیت کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کرے جو انسانوں کے خلاف تشدد اور امتیازی سلوک کو ہوا دیتی ہے۔ یہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے گزشتہ روز اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں بین المذاہب اور بین الثقافتی مکالمے (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملنے پر فوری مقدمہ درج کیا جائے، سپریم کورٹ کا اہم فیصلہ

مقدمہ اندراج میں تاخیر پر آئی جی سمیت دیگر افسران کے خلاف کارروائی ہوگی، فیصلہ

اسلام آباد (اے این این) سپریم کورٹ نے قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملنے پر فوری مقدمہ اندراج کا اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

ایمان مزاری اور ہادی علی کی دوبارہ گرفتاری پر اسلام آباد بار ایسوسی ایشن کا شدید ردعمل

عدلیہ کی آزادی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا، اسلام آباد بار ایسوسی ایشن

اسلام آباد (اے این این) ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی دوبارہ گرفتاری پر اسلام آباد بار ایسوسی ایشن کا شدید ردعمل سامنے آیا ہے۔ اسلام آباد بار ایسوسی ایشن نے وکلا ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی گرفتاری پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے 19 ستمبر 2026 کو وفاقی دارالحکومت کی تمام عدالتوں کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ بار ایسوسی ایشن نے اپنے (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

سندھ میں 40 لاکھ سے زائد بچیوں کے اسکولوں سے باہر ہونے کا انکشاف

سندھ پولیس، عدالتوں، ملازمتوں میں خواتین کا حصہ بہت کم ہے، صنفی مساوات پر مبنی سندھ کی پہلی رپورٹ وزیراعلیٰ کو پیش

کراچی (اے این این) وزیراعلیٰ سندھ کو صوبے کی پہلی جینڈر پیریٹی رپورٹ پیش کر دی گئی جس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سندھ میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں، صوبے میں مردوں کی شرح خواندگی 68 فیصد جبکہ خواتین کی 47 فیصد ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ کو معاون خاص راجویر سنگھ سوڈھو نے سندھ کی پہلی جینڈر پیریٹی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت صوبے میں ترقی کے نئے دور کا آغاز

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت صوبے میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔ ضلع صحبت پور میں بی ایس ڈی آئی کے فیز ون اور ٹو کے تحت تمام 72 منصوبے ریکارڈ مدت میں مکمل کر لیے گئے ہیں۔ یہاں ترقیاتی منصوبوں کے لیے 60 کروڑ 56 لاکھ روپے کے فنڈز مختص کیے گئے تھے۔ بی ایس ڈی آئی منصوبوں سے صحبت پور میں (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

سربندن رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سربندن میں فشنگ جیٹی مول کا افتتاح کر رہے ہیں، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان بھی ان کے ہمراہ ہیں

سعودی قیادت میں یمنی فورسز کا انصار اللہ کے 30 جنگجوؤں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

ریاض (اے این این) سعودی قیادت میں یمنی فورسز نے 24 گھنٹوں کے دوران انصار اللہ کے 30 جنگجوؤں کو ہلاک اور 60 کو زخمی کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ترک خبر ایجنسی کے مطابق یمنی فورسز نے مغربی یمن کے ضلع الوازعیہ میں فضائی کارروائیوں کے دوران حوثیوں کی متعدد گاڑیوں کو بھی نشانہ بنایا جس سے انہیں نقصان پہنچا۔ علاوہ ازیں سعودی طیاروں نے یمن (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

کوئٹہ، سینئر صحافی نصیر احمد کی ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت سے ملاقات

کوئٹہ پولیس صحافی برادری کے ساتھ ہے، صحافیوں کا تحفظ اور باہمی تعاون کا فروغ اولین ترجیح ہے، ڈی آئی جی کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) سینئر صحافی نصیر احمد نے ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت سے ملاقات کی، جس میں گزشتہ دنوں پیش آنے والے واقعے سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ڈی آئی جی کو تمام حقائق سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے سینئر صحافی کو یقین دلایا کہ اس پورے واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں گی اور انصاف کے تمام تقاضے ہر صورت پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ کوئٹہ پولیس ہمیشہ صحافی برادری کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، اور صحافیوں کے تحفظ، عزت نفس اور ان کے درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن قانونی تعاون جاری رکھا جائے گا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ کا مزید کہنا تھا کہ کوئٹہ ہمارا اپنا گھر ہے، اور معاشرے میں پائے جانے والے (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

مردان، بچے کی چپل نکالنے کیلئے خشک کنویں میں جانے والے 3 افراد جاں بحق

مردان (اے این این) مردان کے علاقے مچھی جعفر آباد میں خشک کنویں میں دم گھٹنے سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق افراد میں باپ، بیٹا اور پڑوسی شامل ہیں، جن کی لاشیں نکال لی گئیں۔ حکام نے بتایا ہے کہ بچے کی چپل گھر میں موجود کنویں میں گر گئی تھی، جسے نکالنے کے لیے بچہ کنویں میں گیا۔ بیٹے کو کنویں میں بے ہوش دیکھ کر باپ اسے (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہے، افتخار علی ملک

مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہے

اسلام آباد (اے این این) سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر اور ممتاز تاجر رہنما افتخار علی ملک نے مکہ مکرمہ جیسے مقدس شہر پر ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

پٹرول کی قیمت میں اضافہ عوام کی مشکلات بڑھا رہا ہے، گورنر خیبرپختونخوا

پشاور (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پٹرول کی قیمت میں اضافہ عوام کی زندگی میں مشکلات پیدا کر رہا ہے، وفاقی حکومت کو پٹرولیم لیوی کم کرنی چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ عوام مہنگائی سے پریشان ہیں، ایک طرف کفایت شعاری مہم کا اعلان کیا جاتا ہے جبکہ دوسری جانب مریم نواز کہتی ہیں کہ وہ اپنی مرضی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

وندر، ساحلی علاقے سونمیانی میں پانی کا شدید بحران، مکینوں کا احتجاج، شاہراہ بند

چھ ماہ سے پانی کی فراہمی معطل ہے، مسائل حل نہ ہوئے تو دائرہ کار بڑھائیں گے، وڈیرہ سلیم کا کانی کی یقین دہانی پر احتجاج ختم

وندر (یو این اے) ساحلی علاقے سونمیانی میں پینے کے پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا 6 ماہ سے پانی کی عدم فراہمی کے خلاف علاقہ مکین سراپا احتجاج بن گئے مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے ساحلی علاقوں ڈام اور سونمیانی کو وندر سے ملانے والی اکلوتی اہم شاہراہ کو تمام تر آمد و رفت کے لیے مکمل بند کر دیا جس کے باعث شاہراہ کے دونوں اطراف چھوٹی بڑی گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں۔ پینے کے پانی کی عدم فراہمی کے حوالے سے مظاہرین کا کہنا تھا کہ سونمیانی کے مکین گزشتہ 6 ماہ سے پینے کے پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں جبکہ بارہا نشاندہی اور مطالبات کے باوجود پانی کی فراہمی کا مسئلہ حل نہیں کیا گیا۔ پینے کے پانی کی عدم فراہمی کے باعث خواتین، بچوں اور بزرگوں سمیت علاقہ مکین شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ سونمیانی میں فوری (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

لاہور ایکسپو سینٹر میں تین روزہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا باقاعدہ آغاز

آٹو شو میں 150 نمائش کنندگان، 44 بین الاقوامی اور 43 مقامی نمائش کنندگان شریک

لاہور (اے این این) لاہور ایکسپو سینٹر میں تین روزہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا باقاعدہ آغاز ہو گیا جب کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ایکسپو سنٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

سعودی عرب پر حملے اماراتی سلامتی و خوشحالی کیلئے خطرہ ہیں، مشیر اماراتی صدر

دبئی (اے این این) متحدہ عرب امارات کے صدر کے سفارتی مشیر ڈاکٹر انور قرقاش نے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حملے ہماری سلامتی اور خوش حالی کے لیے خطرہ ہیں۔ دبئی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ جنگ اور کشیدگی جاری رہنے کی صورت میں خطے کا مستقبل تعمیر نہیں کیا جا سکتا۔ ڈاکٹر انور قرقاش کا کہنا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ بحران ختم کرنے کے لیے مذاکرات اور رابطے جاری رکھے جائیں۔ اماراتی صدر کے مشیر نے ایران سے رابطے (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ کے 34 ویں بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایرانی حکومت کا تختہ الٹ دیں گے، حزب اللہ کو بھی ختم کیا جائے گا، نیتن یاہو

تل ابیب (اے این این) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ وہ ایرانی حکومت کا تختہ الٹ دیں گے، ایرانی حکومت کو شکست دینا اولین ترجیح ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم کا کہنا ہے کہ اسرائیل کی اولین ترجیح ایرانی حکومت کو شکست دینا اور اسے گرانا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سب سے پہلے ایرانی حکومت کو شکست دیں گے، ہم اس کا تختہ الٹ دیں گے، یہ حکومت گر جائے گی پھر ہم حزب اللہ سے بھی نمٹیں گے اور وہ بھی ختم ہو جائے گی۔

پٹرولیم لیوی کم کر کے عوام کو فوری ریلیف دیا جائے، شرمیلا فاروقی

پٹرولیم لیوی ختم کی جائے تو عوام کو بڑا ریلیف مل سکتا ہے

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شرمیلا فاروقی نے کہا کہ پنجاب حکومت ہر چیز کو مس ہینڈل کرتی ہے، انہوں نے سہیل آفریدی کو پنجاب میں بلاوجہ ہیرو بنا دیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ن لیگ حکومت ہر چیز کو مس ہینڈل کرتی ہے، ان لوگوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ایاز صادق کی کوہاٹ پولیس لائن میں دھماکے کی مذمت، انسانی جانوں کے نقصان پر دکھ کا اظہار

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کوہاٹ میں پولیس لائن کے قریب مسجد میں نماز جمعہ کے دوران دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعہ کو اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں اور معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور قابل مذمت اقدام ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے دھماکے میں شہید ہونے والوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک اور ایم پی اے زرک خان مندوخیل ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد بڑیچ سے مشرقی بائی اور شہر کی صفائی کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں

مکہ مکرمہ پر حملہ پوری امت مسلمہ کے لیے تشویشناک ہے، راشد محمود سومرو

حرمین شریفین کا تحفظ امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے

جیکب آباد (اے این این) جمعیت علماء اسلام سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے مکہ مکرمہ پر حوثی گروہ کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس سرزمین پر حملہ پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی تشویش کا باعث ہے، سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور حرمین شریفین کا تحفظ امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ بیت اللہ او (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

کمپنیوں کا پیٹرول وڈیزل پر فی لیٹر ایک روپے 22 پیسے منافع کا مطالبہ

اسلام آباد (اے این این) آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے پیٹرول اور ڈیزل پر فی لیٹر 1 روپے 22 پیسے منافع کا مطالبہ کر دیا۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل نے اوگرا کے چیئرمین کو خط لکھ دیا ہے جس میں او ایم سیز کے زیر التوا 66 ارب روپے کے پرائس کلیمز اور مارجن پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ مارچ 2026 سے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے کلیمز زیر التوا ہیں، جن کا تصدیقی عمل جلد مکمل کر کے واجبات ادا کیے جائیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

بابا کوٹ، دارالامان نصیرآباد کے فنڈز میں مبینہ بے ضابطگیوں اور ناقص تعمیراتی کام کی تحقیقات کا مطالبہ

مختص 50 لاکھ میں سے 30 لاکھ روپے لیپس ہونے کا انکشاف، غیر متعلقہ افراد کی مداخلت پر بھی تشویش کا اظہار، عوامی حلقے

بابا کوٹ (یو این اے) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام دارالامان نصیرآباد ایک حساس نوعیت کی عمارت ہے، تاہم ذرائع کے مطابق یہاں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ انوالومنٹ اور تعمیراتی کاموں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے حوالے سے مختلف سوالات سامنے آ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق جون 2025 میں دارالامان نصیرآباد میں تعمیراتی و مرمتی کام کرایا گیا، جس کی موجودہ صورتحال مبینہ طور پر منصوبے کے معیار اور تعمیراتی کارکردگی پر سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دارالامان کے تعمیراتی و مرمتی کام کے لیے مجموعی طور پر 50 لاکھ روپے کے فنڈز مختص کیے گئے تھے، جن میں سے تقریباً 20 لاکھ روپے کا مرمتی کام کیا گیا، جبکہ باقی 30 لاکھ روپے کے فنڈز لیپس ہونے کی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر کیے گئے تعمیراتی کام کی صورتحال تسلی بخش نہیں، جبکہ عمارت کے بعض تعمیراتی کام تاحال مکمل نہ ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ اس صورتحال (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

میر رضا کے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات کا معاملہ، اسٹیٹ بینک سے جواب طلب

ممکن ہے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات تفتیش میں معاون ثابت ہوں، تفتیشی حکام

کراچی (اے این این) سندھ ہائیکورٹ نے میر رضا کے بینک اکاؤنٹس اور ٹرانزیکشنز کی تفصیلات کے حصول کے لیے تفتیشی حکام کی درخواست پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے یکم اکتوبر تک جواب طلب کر لیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں میر رضا کے بینک اکاؤنٹس اور مالی لین دین کی تفصیلات حاصل کرنے سے متعلق تفتیشی حکام کی درخواست پر سماعت ہوئی، دوران سماعت عدالت نے استفسار کیا کہ "آپ بینک کی ٹرانزیکشن کیوں حاصل کرنا چاہتے ہیں؟" تفتیشی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

سینئر صحافی نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد قابل مذمت ہے، جے یو آئی ضلع کوئٹہ

صحافیوں کو آزادانہ ماحول فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، آزادی صحافت پر حملہ کسی صورت قبول نہیں

کوئٹہ (یو این اے) سینئر صحافی و یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد قابل مذمت ہے صحافیوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے تشدد میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات و امیر انجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ خان جتک اور یونٹ کے مجلس عاملہ کے کیا راکین نے سینئر صحافی نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد کے واقعے پر گہری دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے میں عوامی مسائل، ناانصافیوں اور مظلوم طبقات کی آواز ایوان اقتدار تک پہنچانے کا اہم فریضہ انجام دے رہے ہیں ایسے میں صحافیوں کو تشدد، دھمکیوں اور دیگر دباؤ کا سامنا کرنا انتہائی تشویشناک امر ہے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں آزادانہ اور بلاخوف انجام دینے کے لیے محفوظ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں کو جدید سہولیات سے آراستہ کرینگے، وزیر صحت

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری اور عوام کو معیاری علاج کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں

صوبائی حکومت کی بھرپور کوشش ہوگی کہ صوبے کے تمام ہسپتالوں کو فنکشنل کر کے عوام کو جدید سہولیات سے آراستہ کریں، صوبائی وزیر صحت کا ہسپتال کے دورے کے موقع پر بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا شہید محترمہ بینظیر بھٹو ہسپتال کا دورہ، رینوویشن کے مکمل کاموں کا معائنہ، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری اور عوام کو معیاری علاج کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں، شہید محترمہ بینظیر بھٹو ہسپتال کوئٹہ میں مکمل کیے گئے رینوویشن کے کام خوش آئند ہیں ہماری کوشش ہوگی کہ صوبے کے تمام ہسپتالوں کو سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں' ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو ہسپتال کوئٹہ کے دورے کے موقع پر مختلف شعبہ جات اور وارڈز کا معائنہ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے مریضوں (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

اقبال لائبریری کا قیام طلبہ میں مطالعہ، تحقیق اور ادبی ذوق کی جانب ایک اہم قدم ہے

مساجد کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، ظہور بلیدی

دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی ہی ہماری سب سے بڑی قوت ہے، ملک میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف اجتماعی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا

عبادت گاہ میں معصوم افراد اور فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے، صوبائی وزیر کا وفد سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن مسجد میں ہونے والے دھماکے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے پولیس اہلکار کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے دہشتگرد عناصر کبھی بھی اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دینگے بلوچستان کی سرزمین پر دوسرے ممالک کی جنگ اور دہشتگردی کو مسلط نہیں ہونے دینگے' یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر نے کہا کہ عبادت گاہ میں معصوم افراد اور فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے، دہشت گردی کی ایسی کارروائیاں امن دشمن عناصر کی بزدلانہ سوچ کی عکاسی کرتی ہیں۔ ظہور بلیدی نے شہید پولیس اہلکار کے اہلخانہ سے دلی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)